اے عباس! اے رسول اللہ کے چچا! اللہ سے دنیا اور آخرت کی عافیت مانگیے

عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : میں نے کہا : اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسی چیز سکھائیے، جو میں اللہ عز و جل سے مانگوں؟ آپ نے کہا : "اللہ سے عافیت مانگیے" جب کچھ دن بیت گئے تو میں دوبارہ حاضر ہوا اور عرض کیا : "اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسی چیز سکھائیے، جو میں اللہ سے مانگوں؟ آپ نے فرمایا : "اے عباس! اے رسول اللہ کے چچا! اللہ سے دنیا اور آخرت کی عافیت مانگیے"

[صحیح لغیرہ] [رواہ الترمذي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے چچا عباس بن عبد المطلب نے آپ سے کوئی ایسی دعا سکھانے کی گزارش کی، جو وہ اللہ سے مانگا کریں؟ چنانچہ آپ نے سکھایا کہ وہ اللہ سے دین، دنیا و آخرت کی آفتوں اور کمیوں سے عافیت اور سلامتی مانگیں؟ عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ کچھ دنوں کے بعد وہ دوبارہ حاضر ہوئے اور کوئی ایسی دعا سکھانے کی گزارش کی، جو اللہ سے مانگا کریں، تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے ان سے اپنائیت کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: اے عباس! اے اللہ کے رسول کے چچا جان! اللہ سے ہر برائی سے چھٹکارہ، ہر خیر کے حصول اور دنیا و آخرت کے نفع کے لیے عافیت مانگا کریں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/2932